


# پشاور زلمی کو سلو اوور ریٹ پر جرمانہ

**کراچی، 3مارچ 2021ء:**

بدھ کو نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کے 13 ویں میچ میں کراچی کنگز کے خلاف میچ میں سلو اوور ریٹ کے باعث پشاور زلمی کے کھلاڑیوں پر میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

پشاور زلمی نے مقررہ وقت سے ایک اوور کم کیا لہٰذا پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ برائے کھلاڑی اور اسپورٹ اسٹاف کی شق 2.22 کے تحت پشاور زلمی پر جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

آن فیلڈ امپائرز راشد ریاض اور شوزب رضا کے علاوہ تھرڈ امپائر احسن رضا نے سلو اوور ریٹ پر پشاور زلمی کو چارج کیا۔

پشاور زلمی کے کپتان شعیب ملک کی جانب سے اعتراف کرنے پر میچ ریفری افتخار احمد نے ان پر جرمانہ عائد کیا۔

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4